
صرف ۹ منٹ میں ۹ قرآن پاک اور ایک
ہزار آیت پڑھنے کی سعادت حاصل کرنے کا

# انمول تحفہ

YaNabi.in
Largest Sunni Bangla Site



برائے ایصال ثواب

شیدائے اعلیٰ حضرت، فدائے حضور مفتی اعظم ہند

حضرت الحاج غلام رضا عرف منے میاں رحمۃ اللہ علیہ

صرف ۹ منٹ میں ۹ قرآن پاک اور ایک ہزار آیات پڑھنے کا

# انمول تحفہ

# برائے ایصال ثواب

شیدائے اعلیٰ حضرت فدائے سرکار مفتی اعظم ہند

حضرت الحاج غلام رضا عرف منے میاں رحمۃ اللہ علیہ

ان کی امت میں بنایا انہیں رحمت بھیجا
یہ نہ فرما کہ ترا رحم میں دعویٰ کیا ہے

# صرف نَو منٹ میں

## ۹ قرآن پاک اور ایک ہزار آیات پڑھنے کا ثواب مل سکتا ہے

## مرحومین کے ایصالِ ثواب کا آسان طریقہ

ایک تو پورے قرآن پاک پڑھنے کی جو فضیلت ہے اس کی برابری نہیں ہوسکتی۔ دوسرا اللہ تعالیٰ کا خاص کرم اس اُمت محمدیہ ﷺ پر ہے کہ اس نے ان چھوٹی چھوٹی سورتوں کے پڑھنے پر کتنی بڑی فضیلت دے رکھی ہے جو ذات قرآن پاک کے چھوٹے حصے کی تلاوت کرنے پر اتنا بڑا انعام دے رہی ہے وہ پورے قرآن پاک کی تلاوت پر راضی ہوکر کتنا اجرِ عظیم دے گی۔



# ایصال ثواب کا طریقہ

شروع و آخر میں درود شریف پڑھ لیں پھر یوں دعا کریں کہ یا اللہ میں نے جو کچھ بھی پڑھا اس میں جو بھی بھول، چوک یا غلطی ہوئی ہو اسے معاف فرما کر اسے قبول فرما اور اس کا ثواب میرے عمل کے لائق نہیں بلکہ اپنی رحمت کے لائق عطا فرما۔ میں اس کو تیرے پیارے حبیب حضرت محمد ﷺ کے حضور میں پیش کرتا ہوں اور ان کے طفیل میں ازواج مطہرات، آل اہل بیت، خلفاء راشدین، انبیاء مرسلین، اولیاء کاملین، بزرگان دین، تمام مومنات و مومنین کی روح پاک کو پہنچتے ہوئے خاص طور سے اس کا ثواب تیرے پیارے اور مخلص بندے الحاج غلام رضا عرف منے میاں کو پہنچے۔ یا اللہ تو ان سب کی مغفرت فرما اور جنت میں اعلیٰ مقام عطا فرما۔ آمین

[کوئی بھی نفل عمل فرض کا بدلہ نہیں ہوسکتا، اس لئے فرض کا اہتمام نہایت ضروری ہے۔]

# سُوْرَۃُ الْفَاتِحَۃُ

تین مرتبہ پڑھنے کا ثواب دو مرتبہ قرآن پڑھنے کے برابر ہے۔

رواہ عبداللہ بن عباس۔ بحوالہ تفسیر مظہری ص ۱۵، ج ۲

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ
الرَّحِیْمِ ۝ مٰلِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ ۝ ط اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ
اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ۝ ط اِھْدِنَا الصِّرَاطَ
الْمُسْتَقِیْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ
عَلَیْھِمْ ۝ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ
وَلَا الضَّآلِّیْنَ ۝ ع



# اٰیَتَ الْکُرْسِیْ

چار مرتبہ پڑھنے کا ثواب ایک قرآن پڑھنے کے برابر ہے۔

رواہ احمد بحوالہ تفسیر مواہب الرحمٰن ص ۱۱، ج ۱

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ج اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ج لَا تَاْخُذُہٗ
سِنَۃٌ وَّلَا نَوْمٌ ط لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی
الْاَرْضِ ط مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَہٗٓ اِلَّا بِاِذْنِہٖ ط
یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْھِمْ وَمَا خَلْفَھُمْ ۝ وَلَا
یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِہٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ ج
وَسِعَ کُرْسِیُّہُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَا یَؤُدُہٗ
حِفْظُھُمَا وَھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ۝

# سُوْرَةُ الْقَدْرُ

چار مرتبہ پڑھنے کا ثواب ایک قرآن پڑھنے کے برابر ہے۔

فردوس دیلمی بحوالہ مسند احمد حاشیہ ص ۲۸۲، ج ۱

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِیْ لَیْلَةِ الْقَدْرِ ۝ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا
لَیْلَةُ الْقَدْرِ ۝ لَیْلَةُ الْقَدْرِ خَیْرٌ مِّنْ اَلْفِ
شَهْرٍ ۝ تَنَزَّلُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوْحُ فِیْهَا
بِاِذْنِ رَبِّهِمْ مِّنْ كُلِّ اَمْرٍ ۝ سَلٰمٌ هِیَ
حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ ۝ ع



# سُوْرَةُ الزِّلْزَال

دو مرتبہ پڑھنے کا ثواب ایک قرآن پڑھنے کے برابر ہے۔

ترمذی شریف۔ ص ۱۷، ج ۲

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ زِلْزَالَهَا ۝ وَاَخْرَجَتِ
الْاَرْضُ اَثْقَالَهَا ۝ وَقَالَ الْاِنْسَانُ مَا لَهَا ۝
یَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ اَخْبَارَهَا ۝ بِاَنَّ رَبَّكَ اَوْحٰى
لَهَا ۝ یَوْمَئِذٍ یَّصْدُرُ النَّاسُ اَشْتَاتًا
لِّیُرَوْا اَعْمَالَهُمْ ۝ فَمَنْ یَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَیْرًا
یَّرَهٗ ۝ وَمَنْ یَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا یَّرَهٗ ۝ ع

## سُوْرَةُ الْعَادِيَاتْ

دو مرتبہ پڑھنے کا ثواب ایک قرآن پڑھنے کے برابر ہے۔

رواہ ابوعبیدہ بحوالہ تفسیر مواہب الرحمٰن ص ۱۳، ج ۱

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وَالْعٰدِيٰتِ ضَبْحًا ۝ فَالْمُوْرِيٰتِ قَدْحًا ۝

فَالْمُغِيْرٰتِ صُبْحًا ۝ فَاَثَرْنَ بِهٖ نَقْعًا ۝ فَوَسَطْنَ

بِهٖ جَمْعًا ۝ اِنَّ الْاِنْسَانَ لِرَبِّهٖ لَكَنُوْدٌ ۝ وَاِنَّهٗ عَلٰى

ذٰلِكَ لَشَهِيْدٌ ۝ وَاِنَّهٗ لِحُبِّ الْخَيْرِ لَشَدِيْدٌ ۝

اَفَلَا يَعْلَمُ اِذَا بُعْثِرَ مَا فِى الْقُبُوْرِ ۝ وَحُصِّلَ

مَا فِى الصُّدُوْرِ ۝ اِنَّ رَبَّهُمْ بِهِمْ يَوْمَئِذٍ

لَّخَبِيْرٌ ۝ ع



## سُوْرَةُ التَّكَاثُرْ

ایک مرتبہ پڑھنے کا ثواب ہزار آیتوں کے پڑھنے کے برابر ہے۔

بیہقی، بحوالہ مشکوٰۃ شریف۔ ص ۱۹۰

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلْهٰكُمُ التَّكَاثُرُ ۝ حَتّٰى زُرْتُمُ الْمَقَابِرَ ۝

كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۝ ثُمَّ كَلَّا سَوْفَ

تَعْلَمُوْنَ ۝ كَلَّا لَوْ تَعْلَمُوْنَ عِلْمَ ا

لْيَقِيْنِ ۝ لَتَرَوُنَّ الْجَحِيْمَ ۝ ثُمَّ

لَتَرَوُنَّهَا عَيْنَ الْيَقِيْنِ ۝ ثُمَّ لَتُسْئَلُنَّ

يَوْمَئِذٍ عَنِ النَّعِيْمِ ۝ ع

## سُوْرَةُ الْكٰفِرُوْنَ

چار مرتبہ پڑھنے کا ثواب ایک قرآن پڑھنے کے برابر ہے۔

ترمذی شریف۔ ص ۱۱۷، ج ۲

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۝ لَآ اَعْبُدُ مَا
تَعْبُدُوْنَ ۝ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ
مَآ اَعْبُدُ ۝ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۝
وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝ لَكُمْ
دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ۝ ع

## سُوْرَةُ النَّصْرِ

چار مرتبہ پڑھنے کا ثواب ایک قرآن پڑھنے کے برابر ہے۔

ترمذی شریف۔ ص ۳۷، ج ۲

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ ۝
وَرَاَيْتَ النَّاسَ يَدْخُلُوْنَ فِيْ
دِيْنِ اللّٰهِ اَفْوَاجًا ۝ فَسَبِّحْ
بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ ؕ اِنَّهٗ
كَانَ تَوَّابًا ۝ ع

# سُوْرَۃُ الْاِخْلَاصْ

تین مرتبہ پڑھنے کے ثواب ایک قرآن پڑھنے کے برابر ہے۔

بخاری شریف، ص ۷۵۰، ج ۲، مسلم شریف ص ۲۷۱، ج ۱

بسم اللہ الرّحمٰن الرّحیم

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ (۱) اَللّٰهُ الصَّمَدُ (۲) لَمْ يَلِدْ وَ لَمْ يُوْلَدْ (۳) وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ (۴)

پس اتنا اگر کوئی مسلمان پڑھ لے تو نو قرآن شریف اور ایک ہزار آیتوں کے پڑھنے کے برابر ثواب پا سکتا ہے۔ یعنی کم سے کم محنت اور زیادہ سے زیادہ انعام۔ یہ محض اللہ تعالیٰ کا فضل و کرم ہے اس امتِ محمدیہ پر۔

ان سورتوں کو پڑھ کر آپ اپنے خاندان کے مُردوں اور تمام مسلمان مرحومین کی ارواح کو ثواب پہنچا سکتے ہیں۔

---

## اللہ تعالیٰ کو تین چیزیں بہت پسند ہیں

۱۔ ایک تو یہ کہ بندہ اس کی تعریف بیان کرے اور بیشک تمام تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں اور اللہ کی ذات ہی تعریف کے لائق ہے۔

۲۔ دوسرا یہ کہ بندہ اللہ سے اپنے گناہوں کی معافی مانگے۔ بیشک اللہ تعالیٰ غفور و رحیم ہے۔ وہ گناہوں کی سزا دینے کے بجائے گناہوں کو معاف کرنا زیادہ پسند فرماتا ہے بشرطیکہ بندہ سچے دل سے اپنے گناہوں کی معافی مانگے۔

۳۔ تیسری بات جو اللہ تعالیٰ کو پسند ہے وہ یہ ہے کہ ہر ایمان والا اس کے پیارے رسول آقائے نامدار مدنی تاجدار حضرت محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام بھیجے۔

اوپر لکھی ہوئی تینوں چیزوں کو پڑھنے کا آسان اور بیش بہا وظیفہ آگے لکھا ہوا ہے۔

# بیش بہا وظیفہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کلمۂ تمجید ———— ایک سو مرتبہ:

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ

آخر میں صرف ایک مرتبہ:

وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ.

استغفار ———— ایک سو مرتبہ

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّ اَتُوْبُ اِلَیْہِ.

درود شریف ———— ایک سو مرتبہ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ بَارِکْ وَسَلِّمْ.

یہ تینوں تسبیحات روزانہ کسی بھی وقت دن میں ایک بار اور رات میں ایک بار پڑھ لیا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ دینی و دنیوی خیر و برکت کا باعث ہوگا۔



# سنت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ

آنکھوں کی روشنی کے لئے مجرّب عمل:

جس سے چشم کی بینائی باقی رہے اور کمزور نگاہ قوی ہو جائے یہ ہے کہ موذن اذان میں جب پہلی مرتبہ اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدً رَّسُوْلُ اللّٰہِ کہے تو سننے والا دونوں انگوٹھے چوم کر دونوں آنکھوں پر رکھے اور ان الفاظ کے ساتھ درود شریف پڑھے صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ پھر جب دوبارہ موذن کہے اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدً رَّسُوْلُ اللّٰہِ تو دوبارہ انگوٹھے چوم کر آنکھوں پر رکھے اور یہ کہے:۔ قُرَّۃُ عَیْنِیْ بِکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ () اس عمل پر پابندی کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ فائدہ مذکورہ حاصل ہوگا۔

(ماخذ از بشیر القاری شرح صحیح البخاری)

۱۔ مسلمانوں پر نماز وقت کی پابندی کے ساتھ فرض کی گئی ہے۔اس لئے نماز کی پابندی ضرور کریں۔

۲۔ رسول اللہ ﷺ کے نام پاک کے ساتھ صلعمؐ، وغیرہ لکھنا سخت ناجائز ہے۔اس کی جگہ پورا درود شریف لکھنا چاہئے۔

۳۔ فرمایا رسول اللہ ﷺ نے کہ جس کے یہاں لڑکا پیدا ہوا اور وہ میری محبت اور میرے نامِ پاک سے تبرک کے لئے اس کا نام محمد رکھے تو وہ اور اس کا لڑکا دونوں جنت میں جائیں گے۔

۴۔ لال دسترخوان پر کھانا اور اپنے مہمانوں کو کھلانا سنّت ہے۔

۵۔ جس دسترخوان پر شعر یا دوسرا کوئی لفظ لکھا ہو اس پر کھانا جائز نہیں۔

☆☆☆

محمد نیکبخت علی رضوی
Pdf. Md. Nekbaxt Ali

شائع کردہ

خانوادۂ الحاج

# غلام رضا عرف منے میاں رحمۃ اللہ علیہ

زیر اہتمام

## القلم فاؤنڈیشن سلطان گنج پٹنہ ٦

Mob:- 8544092773

طباعت: حافظ ریاض احمد کریمی، موبائل: 9304993521